

# اشارات

اطاق - کمرہ

اینان - یہ لوگ

آنان - وہ لوگ

ماہی گیر - مچھلی پکڑنے والا

کنجشک - گوریّا-گھرچڑیا

حمام - کبوتر

اند - ہیں

بود - تھا

بودند - تھے

سقف - چھت

کوچہ - گلی

مصدر یاد کیجئے۔

خریدن - خریدنا

آراستن - سجانا/سنوارنا

آموختن - سیکھنا

ایستادن - کھڑے ہونا

دیدن - دیکھنا

دادن - دینا



## تمرین

۱ فارسی میں کہیے:- (i) صندوق میں کتابیں ہیں (ii) لڑکیاں چھت پر ہیں (iii) بہت سے کتے گلی میں ہیں (iv) چڑیاں درخت پر ہیں (v) بلیاں کمرے میں ہیں۔

۲ مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع بتائیے:-

بیاض - بندہ - چشم - کتاب - کار - دست
انگشت - جامہ - خار - گُل - رفیق - طالب۔

۳ ذیل کے الفاظ میں سے واحد کی جمع اور جمع کا واحد بتائیے ۔

پسر - دختران - کتاب ہا - جامہ ہا - صندلی
کوچہ - طالب - گل ہا - طفل - بندگان۔

## راہنمائی

ایک کو ''واحد'' کہتے ہیں اور ایک سے زیادہ کو ''جمع'' کہتے ہیں۔

واحد سے جمع بنانے کے قاعدے یہ ہیں:- جاندار اسم کے آگے ''ان'' اور بے جان کے آگے ''ہا'' لگا کر جمع بناتے ہیں۔ مثلاً مرد سے مردان- کار سے کارہا،

چڑیاں اور چھوٹے جانوروں کی جمع ''ہا'' لگانے سے بنتی ہے اور ان کے لیے فعل واحد آتا ہے اگر کسی لفظ کے آخر میں ''ہ'' آئے تو اس کو ہٹا کر ''گان'' لگا دیتے ہیں جیسے بندہ سے بندگان - اور اگر کسی اسم کے آخر میں ''و'' یا ''الف'' آئے تو ''یان'' لگا کر جمع بناتے ہیں جیسے دانا سے دانایان -خوبرو سے خوبرویان وغیرہ۔